Open Access
Al-Marjān Research Journal
ISSN(E): 3006-0370
ISSN(P): 3006-0362
al-marjan.com.pk

A Critical Study of Social Media: Societal Importance, Evolution, Types, Benefits, and Negative Impacts

سوشل میڈیا: معاشرتی اہمیت، ارتقاء، اقسام، فوائد اور منفی اثرات کا تنقیدی مطالعہ

Authors Details

1. **Haleema Sadiyha** (Corresponding Author)
   MPhil Scholar, Department of Islamic Sciences, Bahauddin Zakariya University, Multan, Pakistan. **haleemasadiaansari@gmail.com**
2. **Dr. Monazza Hayat**
   Associate Professor, Department of Islamic Sciences, Bahauddin Zakariya University, Multan, Pakistan.

Citation

Sadiyha, Haleema , and Dr. Monazza Hayat. " A Critical Study of Social Media: Societal Importance, Evolution, Types, Benefits, and Negative Impacts." *Al-Marjān Research Journal*, 2, no.3, Oct-Dec (2024): 654– 672.

Submission Timeline

Received: Nov 08, 2024
Revised: Nov 27, 2024
Accepted: Dec 04, 2024
Published Online: Dec 13, 2024

Publication, Copyright & Licensing

Article QR

Al-Marjān Research Center, Lahore, Pakistan.
All Rights Reserved © 2023.
This article is open access and is distributed under the terms of Creative Commons Attribution 4.0 International License

INDEX COPERNICUS INTERNATIONAL
ISSN INTERNATIONAL STANDARD SERIAL NUMBER INTERNATIONAL CENTRE
HJRS HEC Journal Recognition System

A Critical Study of Social Media: Societal Importance, Evolution, Types, Benefits, and Negative Impacts

سوشل میڈیا: معاشرتی اہمیت، ارتقاء، اقسام، فوائد اور منفی اثرات کا تنقیدی مطالعہ

☆ حلیمہ سعدیہ ☆ ڈاکٹر منزہ حیات

Abstract

Social media, comprising web-based platforms and applications, revolutionizes communication by enabling users to share ideas, images, videos, and messages, fostering global connectivity. This critical study examines its societal importance, evolution, types, benefits, and negative impacts. Social media's significance lies in its capacity to connect individuals, shape public opinion, and surpass traditional media in speed and reach. Its evolution, from early platforms like MySpace to dominant ones like Facebook, YouTube, and X (formerly Twitter), is driven by smartphone accessibility and internet proliferation, with 3.8 billion users, or 49% of the global population. Its types include social networks, blogging platforms, video-sharing sites, and messaging apps, each serving distinct purposes. Benefits span education (accessible learning), religion (spreading teachings), economy (job creation), society (global connections), and politics (awareness and mobilization). However, negative impacts include health issues from overuse, misinformation, societal polarization, and the spread of harmful ideologies. While some view it as a vital tool for expression, others criticize it for fostering division and hatred. This study underscores the need for responsible use through education and regulation to maximize benefits like enhanced communication and economic opportunities while mitigating harms such as mental health challenges and fake news, ensuring social media remains a constructive force for societal progress.

Keywords: Social media, Social Significance, Evolution, Types, Benefits, Negative Impacts

تعارف موضوع

سوشل میڈیا آج کے ڈیجیٹل دور کا ایک اہم ستون ہے جو لوگوں کو عالمی سطح پر جوڑتا ہے اور خیالات، تصاویر، ویڈیوز اور پیغامات کے تبادلے کی سہولت دیتا ہے۔ اس کا تنقیدی مطالعہ اس کی معاشرتی اہمیت، ارتقاء، اقسام، فوائد اور منفی اثرات کو سمجھنے کے لیے ناگزیر ہے۔ فیس بک، یوٹیوب، واٹس ایپ اور ایکس (سابقہ ٹویٹر) جیسے پلیٹ فارمز نے اسے رابطوں اور معلومات کی ترسیل کا ایک طاقتور ذریعہ بنایا ہے۔ اس کا ارتقاء مائی اسپیس سے شروع ہو کر فیس بک کے 2.4 بلین صارفین تک پہنچا، جو اسمارٹ فونز اور انٹرنیٹ کی آسانی سے رسائی کی وجہ سے ممکن ہوا۔ سوشل میڈیا کی اقسام جیسے سوشل نیٹ ورکس، بلاگنگ، ویڈیو شیئرنگ اور میسجنگ ایپس مختلف مقاصد کو پورا کرتی ہیں۔ یہ تعلیم، مذہب، معیشت، معاشرتی رابطوں اور سیاسی شعور کے لیے فائدہ مند ہے، لیکن اس کے منفی اثرات جیسے غلط معلومات، صحت کے مسائل اور معاشرتی تقسیم بھی

☆ ایم فل اسکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، پاکستان۔
☆ ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، پاکستان۔

نمایاں ہیں۔ کچھ اسے آزادی رائے کا ذریعہ سمجھتے ہیں، جبکہ دیگر اسے نفرت اور انتشار کا باعث قرار دیتے ہیں۔ یہ مطالعہ اس کی دوہری فطرت کو اجاگر کرتا ہے اور ذمہ دارانہ استعمال کی ضرورت پر زور دیتا ہے۔

مبحث اوّل: سوشل میڈیا کی تعریف، اہمیت اور ارتقاء

1. سوشل میڈیا کی تعریف

سوشل میڈیا وہ ویب سائٹیں اور ایپلی کیشنز ہیں جو آپ کو دوسرے لوگوں سے رابطہ کرنے کی اجازت دیتی ہیں. اس میں نظریات، تصاویر اور ویڈیوز کا اشتراک شامل ہے۔ اس میں پیغام رسانی بھی شامل ہو سکتی ہے۔ دوستوں اور فیملی کے ساتھ رابطے میں رہنے، اسی طرح کی دلچسپی رکھنے والے لوگوں سے دوستی کرنے، خبروں سے آگاہ رہنے اور مشہور شخصیات کو فالو کرنے کے لئے سوشل میڈیا بہت اچھا ہے۔ سوشل میڈیا کی سب سے مشہور سائٹیں فیس بک، انسٹاگرام اور واٹس ایپ (یہ سبھی فیس بک کی ملکیت ہیں) کے ساتھ ساتھ ٹویٹر ہیں۔ ہر ایک کی مزید وضاحت اس گائیڈ میں آگے آپکے سامنے آئے گی۔ سوشل میڈیا خدمات میں عام طور پر پروفائلز شامل ہوتی ہیں، جگہ جہاں آپ اپنے علاقے کی مختصر سوانح حیات اور تصاویر کا اشتراک کر سکتے ہیں۔ سوشل میڈیا سروس آپکو اس قسم کی معلومات شیئر کرنے کا مشورہ دیتا ہے۔ مثال کے طور پر، وہ تجویز کر سکتے ہیں کہ آپ اپنا نام، پسندیدہ مشاغل اور سالگرہ رکھیں. اگرچہ، آپ سوشل میڈیا پروفائل پر کتنا شیئر کرنا چاہتے ہیں یہ آپ پر منحصر ہے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ آپ اپنی ذاتی معلومات میں سے زیادہ شیئر نہ کریں ۔یاد رکھیں کہ جب آپ سوشل میڈیا کے ذریعے تصاویر، ویڈیوز، پیغامات، یا دوسرے میڈیا کو شئیر کرتے ہیں تو ان لوگوں کے علاوہ بھی لوگ اسکو استعمال کر سکتے ہیں جن کا آپ نے ارادہ کیا تھا۔ ہو سکتا ہے کہ کوئی دوست آپ کی تصویر بھیج سکے اور آپ اسے کسی اور کو بھیجے۔ ایک کولیگ شاید آپ کی ملازمت کے بارے میں کچھ لکھا دیکھ سکے اور اسے اپنے مالک کے ساتھ بانٹ دے۔[1]

2. اہمیت

دنیا کی جدید ترقی اور ابلاغ کے تناظر میں سوشل میڈیا یا ڈیجیٹل میڈیا ایک نئی حقیقت تسلیم کی جانی چاہیے۔ ڈیجیٹل یا سوشل میڈیا نے کئی پہلوؤں کی بنیاد پر رسمی پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ سوشل اور ڈیجٹل میڈیا نے خبر کی رفتار اور رسائی کے لیے لوگوں کو نئے مواقع فراہم کیے ہیں۔ رائے عامہ کی تشکیل میں روائتی میڈیا کی گرفت کمزور ہو گئی ہے۔ اب ان کے مقابلے میں ایک نئی طاقت سوشل میڈیا کے طور پر سامنے آئی ہے اور اس کا ادراک ہر سطح پر ہونا چاہیے۔ ہمارے یہاں سوشل یا ڈیجیٹل میڈیا کے بارے میں دو رائے موجود ہیں۔ اول سوشل میڈیا جدید میڈیا کی ایک نئی شکل ہے اور اس نے اظہار رائے کے لیے نئے ٹرینڈ اور نئی ٹیکنالوجی فراہم کی ہے اور یہ رائے عامہ کی تشکیل میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ اسی طبقہ کے بقول سوشل میڈیا کے استعمال پر ہونے والی تنقید کی کوئی اہمیت نہیں اور جو لوگ تنقید کرتے ہیں وہ خود بھی نہ صرف اس کی اہمیت سے آگاہ ہیں بلکہ وہ خود بھی اسے استعمال کرتے ہیں۔

دوئم ایک طبقہ بڑی شدت سے اس پر زور دیتا ہے کہ سوشل میڈیا کی کوئی اہمیت نہیں اور یہ صرف ایک مخالفانہ مہم یا کسی کی کردار کشی کو یقینی بنانے کے لیے بطور ہتھیار استعمال ہوتا ہے اور بہت سے لوگ اسے سماج دشمن، شیطانی ایجنڈا، ریاستی ٹکراو یا ریاستی دشمنی یا مادر پدر آزادی، لوگوں کی ذاتیات پر کردار کشی، تضحیک کرنا یا کسی کے بارے میں جھوٹ کی بنیاد پر مخالفانہ مہم چلانے کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ ایک عمومی دلیل یہ دی جاتی

[1]- Muḥammad Shāriq, Ḥāfiẓ, *Al-Ḥād: Aik Ta ʻāruf* (Lāhawr: Kitāb Maḥal, 9048), 98–99.

ہے کہ اس کے استعمال نے معاشرے کو نہ صرف تقسیم کیا ہے بلکہ لوگوں میں ایک دوسرے کے بارے میں احترام، رواداری، برداشت اور ایک دوسرے کی قبولیت کے مقابلے میں تعصب، نفرت اور دشمنی کو فروغ دیا ہے۔

سوشل میڈیا یا ڈیجیٹل میڈیا کے بارے میں منفی رائے محض عام افراد تک محدود نہیں بلکہ ریاستی، حکومتی، ادارہ جاتی تک میں موجود ہے۔ یہ رائے بھی موجود ہے کہ اس میڈیا نے پاکستان کو جوڑا کم اور تقسیم زیادہ کر دیا ہے۔ اسی کو بنیاد بنا کر یہاں لوگ سوشل میڈیا پر پابندی کے حق میں دلائل بھی دیتے ہیں کہ اگر اس کو بند نہیں کرنا تو کم از کم اس میں اصلاحات یا قانون سازی کی مدد سے ریاستی یا حکومتی نظام اپنے کنٹرول میں کرے یا اس کے بارے میں سخت گیر پالیسیاں، قانون سازی اور عملدرآمد کے نظام کو موثر بنائے۔ لیکن ایک رائے یہ بھی ہے کہ اس کا اصل مقصد اصلاح سے زیادہ اظہار رائے کو کنٹرول کرنا مقصود ہے۔ ہمیں اپنی تعلیم وتربیت کی بنیاد پر تعلیمی اداروں بشمول دینی مدارس کی سطح پر نئی نسل کو آگاہ کریں کہ وہ کیسے خود مکالمہ کو اس نئی طاقت کی بنیاد پر فروغ دے سکتے ہیں اور کس طرح سے دوسروں کو مکالمہ اور شائستگی کے عمل میں پیدا کیا جائے۔ تنقید وتضحیک کے درمیان فرق اوپر سے لے کر نیچے تک سب کو سمجھنا چاہیے۔ یہ جو ریاست کو لگتا ہے کہ لوگ سوشل میڈیا کی مدد سے ریاستی نظام کو کمزور کیا جارہا ہے وہ اس نقطہ پر بھی غور کریں کہ ہم عام آدمی کے تناظر میں ریاستی نظام کو کیسے چلا رہے ہیں اور اس کا فائدہ کس بڑے طاقت ور طبقہ کو ہو رہا ہے۔ اس لیے اگر لوگ تنقید کر رہے ہیں یا آواز اٹھا رہے ہیں تو ان کے تحفظات کو بھی سنا جائے۔ یہ ردعمل کی سیاست ہے۔ یہ بیانیہ ردعمل یا طاقت کے استعمال کے بجائے علمی اور فکری بنیادوں پر ہونا چاہیے۔ اس نئے ابلاغ کو روکنا اب ممکن نہیں اور آپ اس پر جتنی پابندیاں لگائیں گے تو اس کا نتیجہ داخلی وخارجی دونوں محاذوں پر ہماری منفی طور پر سامنے آئے گا۔ تعلیمی ادارے ہی بیانیہ کی جنگ میں لیڈ لیتے ہیں اور اس وقت جو ہمیں سوشل میڈیا کی سطح پر مشکلات یا بحران نظر آتا ہے اس کا علاج بھی تعلیمی نظام یا تعلیمی اداروں کی سطح سے ہی تلاش کرنا ہو گا، طاقت کا انداز یا منفی سوچ کے ساتھ سوشل میڈیا کا مقابلہ ممکن نہیں ہو گا۔[2]

3. ارتقاء

اگر ہم سوشل میڈیا کی مقبولیت کا جائزہ لیں تو پچھلے چند سالوں میں اس کی مقبولیت میں بہت اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ ہر شعبے سے وابستہ افراد اس سے منسلک ہیں سیاستدان، کھلاڑی، شوبز سے وابستہ افراد، سائنسدان، ڈاکٹر، وکیل، اسٹوڈنٹس، ٹیچرز، الغرض معاشرے کا ہر طبقہ یہاں تک کہ ایک چھوٹا ٹھیلا چلانے والا بھی آپ کو سوشل میڈیا میں نظر آئے گا۔ میں خود اگر اپنی بات کروں تو میں نے آج سے 7، 8 سال پہلے سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فورم سے خود کو منسلک کیا۔ یعنی پہلی مرتبہ فیس بک، انسٹاگرام پر پروفائل بنا کر ایک ورچوئل دنیا کا حصہ بن گیا۔ میں نے خود کو ان پلٹ فارم سے کیوں منسلک کیا، ایسی کیا ضرورت پیش آ گئی تھی یہ بھی ایک دلچسپ سوال ہے۔ جب موبائل اور انٹرنٹ تک میری راسائی آسانی سے ہوگئی تو دوسروں کی دیکھا دیکھی میں بھی سوشل میڈیا کے کے مختلف پلیٹ فارمز کو استعمال کرنے لگا۔ یعنی اس سے ایک بات واضح ہوگئی کہ سوشل میڈیا کی مقبولیت کی سب بڑی وجہ اسمارٹ فونز، انٹرنیٹ اور دوسری گیجٹ تک ہر عام وخاص کی باآسانی سے رسائی ہے۔

اب یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آنے والے چند سالوں میں سوشل میڈیا کا کیا مستقبل ہے اور یہ ہماری زندگیوں پر کس طرح اثر انداز ہو گا؟ اس میں مزید کتنی شدد آئے گی؟ ان پہاڑ نما بلند وبالا سولوں کا جواب ہم تب ہی اچھے سے تراش سکتے ہیں جب ہم پچھلے چند سالوں یا دہایوں میں سوشل میڈیا کی ارتقا پر نظر ڈالیں۔ اگر ہم سوشل میڈیا کی سب مقبول سائٹس کی بات کریں تو فیس بک 2.4 بلین ایکٹیو صارفین (Users) کے

[2] - Muḥammad Shāriq, Ḥāfiẓ, *Al-Ḥād: Aik Ta'āruf*, 98–99.

ساتھ پہلی نمبر پر ہے۔ جبکہ یوٹیوب دوسرے اور واٹس ایپ تیسرے پوزیشن پر براجمان ہیں۔ ان سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو استعمال کرنے والوں کی تعداد بھی اربوں میں ہے۔ ایک محتاط اعداد وشمار کے مطابق دنیا بھر میں انٹرنٹ استعمال کرنے والوں کی تعداد آج ساڑھے چار ارب سے زیادہ ہے یعنی یہ پوری دنیا کی آبادی کا 59٪ فیصد بنتا ہے۔ جبکہ سوشل میڈیا یوزرز کی کل تعداد 3.8 ارب ہے یعنی دنیا کی کل آبادی کا 49٪ فیصد۔ کیا سوشل میڈیا کی مشہور سائٹ فیس بک، واٹس ایپ، انسٹاگرام اور ٹویٹر وغیرہ شروع سے ہی اتنے مقبول تھے اور ان کا کوئی مدمقابل نہیں تھا؟ تو اس سوال کا جواب نفی میں ہے۔ آج سے 10، 15 سال پہلے تک تقریباً لوگ ان سے پوری طرح نا آشنا تھے۔ اگر ہم 15 سے 20 سال پیچھے جاکر سوشل میڈیا کی دنیا پر نظر ڈالیں تو ہمیں پتا چلتا ہے کہ ایک ملین ماہانہ ایکٹیو صارفین تک پہنچنے والی پہلی سوشل میڈیا سائٹ۔ "مائی اسپیس" (MYSPACE) تھی جس سے آج تقریباً پوری دنیا ناواقف ہیں۔ آج "مائی اسپیس۔" اسپیس میں کہاں کھو گئی کسی کو کچھ نہیں معلوم۔۔!

مشہور تاریخ دان ابن خلدون نے تہذیبوں کے زوال کے متعلق کہا تھا کہ "ایک تہذیب پروان چھڑتی ہے، پیک پر پہنچتی ہے اور پھر اس کا زوال شروع ہوتا ہے اور وہ تاریخ کا میں گم ہو جاتی ہے اور کوئی دوسری تہذیب اس کی جگہ لے لیتی ہے۔" شاید سوشل میڈیا سائٹس کے ساتھ بھی کچھ ایسا ہی معاملہ ہے۔ مائی اسپیس 2005 میں سب سے مشہور سوشل میڈیا سائٹ تھی جس کی صارفین کی کل تعداد 19 ملین تھی اور دوسری بڑی سائٹ یوٹیوب جس کے تقریباً 2 ملین یوزرز تھے۔ 2006 میں یہ تعداد دگنی سے بھی زیادہ ہوگئی یعنی مائی اسپیس کے صارفین کی تعداد 54 ملین سے تجاوز کر گئی جب کہ یوٹیوب یوزرز کی تعداد 19 ملین تک پہنچ گئی۔ 2007 صورتحال یکسر تبدیل ہوگئی، مائی اسپیس استعمال کرنے والوں کی تعداد میں محض 15 ملین اضافہ ہوا یعنی کل صارفین کی 69 تعداد ملین تک پہنچ گئی، جب کہ یوٹیوب کی مقبولیت کا گراف غیر یقینی طور پر اوپر چلی گئی۔[3]

یوٹیوب صارفین کی تعداد محض ایک سال میں 19 ملین سے 143.9 ملین تک پہنچ گئی۔ اب یہاں سے مائی اسپیس جو کہ ایک ملین کا ہندسہ عبور کرنے والا پہلا سوشل میڈیا سائٹ تھا کا زوال شروع ہو گیا۔ 2008 بھی یوٹیوب کے لیے ایک اچھا سال رہا جس میں اس کی صارفین کی تعداد 294 ملین، جبکہ مائی اسپیس صرف 72 ملین صارفین تک محدود رہی۔ یہ سال فیس بک کے لیے بہت بہترین سال رہا جس سے پہلے محدود پیمانے پر لوگ اس سے واقف تھے، 2008 تک اس کے صارفین کی تعداد 100 ملین تک پہنچ گئی۔

2010 میں فیس بک نے یوٹیوب کو پیچھے چھوڑتے ہوئے سب زیادہ صارفین کی فہرست میں پہلے نمبر پر آ گیا۔ 2010 میں فیس بک کی ایکٹیو یوزرز کی تعداد 517 ملین اور یوٹیوب کے 380 ملین رہی۔ قابل غور بات یہ ہے کہ 2010 تک مائی اسپیس یوزرز کی تعداد کم ہو کر 68 ملین رہ گئی۔ 2005 سے 2008 تک مائی اسپیس ٹاپ سوشل میڈیا سائٹس میں شمار کیا جاتا تھا۔ مائی اسپیس کی مقبولت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ 2006 میں مائی اسپیس کو گوگل اور یاہو سے زیادہ سرچ اور وزٹ کیا گیا۔ مگر فیس بک کی مقبولیت میں اضافے کے ساتھ ساتھ اس کی مقبولت کا گراف تیزی سے نیچے آنے لگا۔ 2013 میں فیس بک اور یوٹیوب دونوں ایک بلین ایکٹیو یوزرز کی فہرست میں شامل ہو گئے۔ فیس بک 1.17 بلین کے ساتھ پہلے، یوٹیوب 1.07 کے ساتھ دوسرے، واٹس اپ 300 ملین کے ساتھ تیسرے جبکہ ٹمبلر، ٹویٹر اور انسٹاگرام کا شمار بھی ٹاپ سوشل میڈیا سائٹس میں ہونے لگا۔ 2016 تک واٹس اپ بھی ایک بلین کے ممبر کلب میں شامل ہو گیا جبکہ 2018 میں فیس بک یوزرز کی تعداد 2 بلین تک پہنچ گئی۔

[3]- Muḥammad Shāriq, Ḥāfiẓ, *Al-Ḥād: Aik Taʻāruf*, 102.

اگر ہم ان تمام ڈیٹا کا تجزیہ کریں تو ہمیں یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ وہ تمام سوشل میڈیا سائٹس جنھوں نے وقت کے ساتھ اپنے صارفین کی ضروریات کو دیکھتے ہوئے خود کو اپڈیٹ رکھا اور نت نئے فیچرز متعارف کیے انھوں نے اپنی بقاء کو قائم رکھا۔ اور جو ایسا کرنے سے قاصر رہے وہ اپنی افادیت کھو بیٹھے۔ کچھ کو اپنا مقام بنانے میں کافی وقت لگا جبکہ کچھ نے کم وقت میں ہی مقبولیت حاصل کیا۔ ٹک ٹاک کی مثال ہمارے سامنے ہے جو ستمبر 2016 میں لانچ ہوا اور 2018 کے وسط تک اس کی صارفین کی تعداد نصف بلین تک پہنچ گئی، یعنی اگر آسان الفاظ میں سمجھیں تو ہر ماہ 20 ملین یوزرز کا اضافہ ہوا۔ ان اعداد و شمار سے پتا یہ چلا کہ دنیا میں لوگوں کی ایک بہت بڑی تعداد اپنا کافی وقت سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر صرف کرتے ہیں۔ اب یہ لوگوں کی زندگی کا اہم حصہ بن چکا ہے جس سے پیچھا چھڑانا اب کافی مشکل ہے۔ مستقبل میں سوشل میڈیا کا ہماری زندگیوں میں کیا کردار رہے گا اس پر کچھ بات کرتے ہیں۔[4]

1۔ آج تقریباً ہر کروبار اور سروز آن لائن دنیا میں منتقل ہو چکی ہے۔ جس کی ایک مثال یہ ہے کہ آج سے چند سالوں پہلے کراچی میں ٹیکسیوں کی بھرمار ہوا کرتا تھا، تاہم کریم اور اوبر سروس کے آنے کے بعد ٹیکسی شہر کی سڑکوں میں نا ہونے کے برابر ہے۔ تاہم یہاں اہم بات یہ ہے کہ کریم اور اوبر اتنی جلدی عام پبلک تک رسائی کیسے حاصل کرلی۔ اس کا جواب یہ ہے کہ انھوں نے اپنی سروس کی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے بھرپور طریقے سے نمائش کی اور لوگوں کو یہ باور کرایا کہ ان کی سروس ٹیکسی سے بہتر ہے۔ مجھے بھی کریم اور اوبر سروس کے بارے میں سے سے پہلے سوشل میڈیا کے ذریعے سے ہی پتا چلا۔ اسی طرح فوڈ پانڈا کی سروس نے بھی کسی حد تک باہر کے کھونوں اور رستورن کے کروبار کو بھی متاثر کیا۔ اور آنے والے سالوں میں یہ اس میں مزید اضافہ ہو گا۔

2۔ آنے والے چند سالوں میں سوشل میڈیا لوگوں کے لیے مزید سورس آف انکم کا باعث بنے گا۔ آج لاکھوں کروڑں کی تعداد میں لوگ انٹرنٹ اور سوشل میڈیا کے ذریعے پیسے کمارہے ہیں۔ آپ اپنی سکل اور اپنا سروس کو فری لانس مارکیٹ میں پیش کرتے ہیں جس کی وجہ سے لوگ آپ سے کام لیتے ہیں اور بدلے میں آپ کو معاوضہ دیتے ہیں۔ آج فری لانس دنیا میں بے تحاشا جابز دستیاب ہے مگر شرط ہے کہ آپ کے اندر کوئی اسکل اور پوٹینشل موجود ہو۔ گرافیک ڈیزائینگ، ویب ڈیولپمنٹ، کانٹنٹ رائیٹنگ، ڈیجٹل مارکیٹنگ اور ان جیسی بے شمار قسم کی جابز موجود ہیں۔ تو آنے والے سالوں میں اس میں مزید اضافہ ہو گا اور مزید روزگار کے مواقع پیدا ہونگے۔

3۔ جب سے سوشل کے پلیٹ فارمز نے نت نئے فیچرز متعارف کرائے ہیں تب سے ٹی وی چینلز کی مقبولیت کا گراف تیزی سے نیچے آگیا ہے۔ اب پوراٹی وی موبائل اور دوسرے گیجٹس میں سماں گیا ہے۔ فیس بک لائف فیچرز اور اپنے یوٹیوب چینلز کے ذریعے ٹی وی چینلز پورے 24 گھنٹے براحراست ٹیلی کاسٹ ہوتے ہیں تو عام سوشل میڈیا صارف ان پلیٹ فارمز کے نسبت کبھی بھی ٹی وی کو رجوع نہیں کرے گا۔ آنے والے چند سال ٹی وی چینلز کے لیے مزید مشکل والے سال ثابت ہو سکتے ہیں۔

کیونکہ آج ایک فرد واحد خود ایک ٹی وی چینل ہے۔ آج سے کچھ سال پہلے اگر مبشر لقمان، طلعت حسین اور حسن نثار وغیرہ ڈی چینل پر بیٹھ کر شو کرتے تھے تو آج ان سب نے سوشل میڈیا پر اپنا اپنا چینل کھول کر وہی شو کر رہے ہیں بلا کسی روک ٹوک اور دباؤ کے۔ اور بڑی تعداد میں لوگ ان کو دیکھ بھی رہے ہیں اور سن بھی رہے ہیں۔

[4]- Muḥammad Shāriq, Ḥāfiẓ, *Al-Ḥād: Aik Taʿāruf*, 102.

4۔ سوشل میڈیا ایک آزاد گھوڑے کی طرح ہے، جس کا جب جو دل کرے وہ کر سکتا ہے، کوئی پوچھنے والا نہیں کوئی ٹوکنے والا نہیں۔ لوگوں کی ذاتی زندگی کو سوشل میڈیا کے ذریعے بڑی آسانی اور تیزی سے ہر خاص و عام کے سامنے عیاں کیا جاتا ہے۔ اگر یہ ایسا ہی چلتا رہا تو آنے والے چند میں معاشرے میں انتشار اور بد دلی بڑھ جائے گی۔ اور مجھے نہیں لگتا کہ آنے والے چند سالوں میں اس کے روک تھام کے لیے کوئی خاطر خواہ انتظام کیے جائیں گے۔[5]

مبحث دوم: سوشل میڈیا کی اقسام

انفارمیشن ٹیکنالوجی کی دنیا میں سوشل میڈیا کئی اقسام سے متعارف کروا چکی ہے۔ جو اپنی نوعیت کے اعتبار سے منفرد اور تعلیمی کاروباری مذہبی تخلیقی اور دیگر کئی مقاصد کے حصول کے لیے فائدہ مند ثابت ہو رہی ہے ان میں سے چند نمایاں اقسام کا تعارف درج ذیل ہے

1. سوشل نیٹ ورکس social network

سوشل نیٹ ورکنگ سائٹس دراصل سوشل میڈیا ویب سائٹ ہوتی ہے جو ایک جیسے مفادات اور پس منظر رکھنے والے صارفین میں باہم رابطہ قائم کرنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔

فیس بک ٹوئٹر انسٹاگرام اور واٹس ایپ سوشل نیٹ ورکس ویب سائٹس کی مشہور مثالیں ہیں۔ یہ تمام سائٹس صارفین کو خیرات کے تبادلے سماجی اگاہی تعلقات کی تعمیر تصاویر ویڈیوز اپلوڈ کرنے اور دلچسپی کے گروپوں میں حصہ لینے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں ان نیٹ ورکس کے ذریعے مختلف قسم کی سوشل میڈیا مہمات کو چلایا جا سکتا ہے۔ افراد اور کاروباری اداروں کو ان لائن بات چیت کرنے اور باہمی پیداواری تعلقات کو یقینی بنانے کے لیے ڈیٹا اور خیالات کا اشتراک کرنے میں بھی ترغیب دیتی ہیں۔

2. بلاگنگ اور پبلشنگ نیٹ ورکس blogging and publishing networks/

اس قسم کے سوشل میڈیا نیٹورکس میں ورڈپریس ٹمبلر اور میڈیم شامل ہے یہ ان لائن مواد کو شائع کرنے نہیں معلومات دریافت کرنے اور سوشل میڈیا بلاگز اور ویب پر شامل ہونے والے مضامین پر تبصرہ کرنے کے لیے منتخب کیے جاتے ہیں مواد کی مارکیٹنگ مطلوبہ سامعین تک رسائی انہیں اپنی طرف متوجہ کرنے میں سب سے زیادہ طاقتور طریقوں میں سے ایک ہے ورڈپریس اور بلاگر روایتی بلاگنگ پلیٹ فارم ہے جبکہ ٹمبلر مائکروبلاگنگ سروس میڈیم سوشل پبلشنگ پلیٹ فارم جدید ترین بلاگنگ اور پبلشنگ نیٹ ورکس ہیں۔

3. ویب بلاگ weblog

ایسی ویب سائٹ ہے جسے اکثر مخصوص موضوعات کے بارے میں نہیں معلومات کے ساتھ اپڈیٹ کیے جاتا ہے اس ویب سائٹ میں موجود معلومات سائٹ کے مالک صارفین اور دیگر ذرائع سے حاصل کی جاتی ہیں۔ ویب بلاگ ایک ذاتی جریدے کی طرح ہوتا ہے جو صارف کا عوامی طور پر اپنی زندگی پر بات کرنے کا ایک طریقہ پیش کرتے ہیں یہ دنیا بھر کے لوگوں کو واقعات اور مقامات کے بارے میں مزید جاننے کا ایک ذاتی طریقہ فراہم کرتا ہے۔[6]

---

[5]- Muḥammad Shāriq, Ḥāfiẓ, *Al-Ḥād: Aik Ta'āruf*, 102.
[6]- Kietzmann, Jan H., and Kristopher Harkens, "Social Media? Get Serious! Understanding the Functional Building Blocks of Social Media," *Business Horizons* 54, no. 3 (2011): 241–251, doi:10.1016/j.bushor.2011.01.005, S2CID 51682132.

4. یوٹیوب YouTube

یوٹیوب نہ صرف دنیا کی سب سے مشہور ویڈیو شیئرنگ ویب سائٹ ہے بلکہ یہ گوگل کے بعد دوسرا سب سے مشہور سرچ انجن بھی ہے اس کمپنی کی بنیاد 2005 میں رکھی گئی تھی اور اخر کار اسے گوگل نے خرید ہی لیا 2007 مئی میں یوٹیوب نے اپنی شرکت داری پروگرام متعارف کروایا جو سائیڈ کے لیے کلیدی رہا یوٹیوب ایک تعلیمی مواد کے پلیٹ فارم کے طور پر بہت اہمیت کا حامل ہے کثیر تعداد میں تعلیمی لٹریچر اور ویڈیوز لیکچرز یوٹیوب پر موجود ہیں یوٹیوب اور مواد تخلیق کرنے والوں کے مابین شراکت داری ہے ان کے لیے یوٹیوب پلیف پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے اور تخلیق کار مواد فراہم کرتے ہیں ان پلیٹ فارم پر اشتہارات سے حاصل ہونے والا منافہ دونوں کے درمیان تقسیم ہو جاتا ہے گویا یوٹیوب چینل اپنے صارفین کو ذاتی کاروبار کے مواقع بھی فراہم کرتا ہے یوٹیوب کے پاس ماہانہ دو بلین سے زائد لاگ ان زائرین ہیں ان کے علاوہ دیگر ایسے بھی ہیں جو سائیڈ پر اپنے اکاؤنٹ میں سائن ان ہوئے بغیر ویڈیو دیکھتے ہیں۔

5. واٹس ایپ WhatsApp

واٹس ایپ ایک مقبول موبائل میسجنگ ایپ ہے جس کا اغاز 2009 میں ہوا صارف اسے انفرادی طور پر یا گروپس میں کسی دوسرے صارف کو تصاویر دستاویزات اڈیو اور ویڈیو مواد بھیجنے کے لیے ہل استعمال کرتے ہیں۔ نجی اور کاروباری ہر طرح کے پلیٹ فارم پر رابطہ کرنے کے لیے اس ایپ کا استعمال کیا جاتا ہے۔

6. سنیپ چیٹ

سنیپ چیٹ ایک امریکی ملٹی میڈیا انسٹنٹ میسجنگ ایپ اور سروس ہے سنیپ چیٹ ایک تصویری پیغام ہے جو کہ ملٹی میڈیم موبائل ایپلیکیشن ہے۔ 2011 میں یہ ایپ متعارف ہوئی اس کے ذریعے سارے دوستوں کے ساتھ مواد شیئر کر سکتا ہے کہانیاں پوسٹ کر سکتا ہے جو صارفین کے پیروکاروں تک پہنچ جاتی ہیں 2011 میں ریلیز ہونے والی یہ ایپ خاص طور پر نوجوان صارفین میں تیزی سے مقبول ہے اس کے بعد اس میں کمی واقع ہو گئی لیکن اب بھی دنیا بھر میں ماہانہ 360 ملین صارفین سوشل میڈیا کہ اس ویب سائٹ کو استعمال کرتے ہیں۔

7. میٹ اپ meet up

یہ ایک ایسے سروس ہے جو ان لائن گروپس کو منظم کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے جو ایک جیسی دلچسپی رکھنے والے لوگوں کے لیے ذاتی اور ورچوئل ایونٹس کی میزبانی کرتے ہیں اس کی بنیاد 2002 میں چیئرمین سکاٹ ہیفرمین اور چار شریک بانیوں نے رکھی تھی کمپنی کو we work نے 2017 میں حاصل کیا تھا اس کا صدر دفتر نیویارک شہر میں ہے وی ورک نے مارچ میں اسے Alley crop کو فروخت کیا میٹ اپ کا بنیادی فوکس مشاغل اور شوق پر مبنی ہے 2004 میں صدارتی امیدوار ہارڈین نے مقبول بنایا ڈین نے اپنی تقاریر میں اور اپنی ویب سائٹ پر حمایتیوں کے میٹ اپ گروپس کی تشہیر بھی کی اس کے صارفین اور شائقین کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہوا اور یوں میٹ اپ سیاست دانوں کے لیے انٹرنیٹ پر معمول کا حصہ بن گئی۔[7]

[7]- Kietzmann, Jan H., and Kristopher Harkens, “Social Media? Get Serious! Understanding the Functional Building Blocks of Social Media,” 241–251.

8. فیس بک Facebook

دنیا بھر میں سب سے زیادہ پہچانا جانے والا سوشل میڈیا پلیٹ فارم ہے چار فروری 2004 کو متعارف کروایا گیا اس ویب سائٹ کو اغاز کی ابتدائی سالوں میں اس کے صارفین کی تعداد ایک ملین سے تجاوز کر گئی عوام میں اس کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگالیں کہ انتہائی سرات کے ساتھ اس کے صارفین کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے ماہانہ 2.7 بلین صارفین کے ساتھ دنیا کی ایک تہائی سے زیادہ ابادی فیس بک استعمال کرتی ہے یہ اپنے صارفین کی ضروریات کو پورا کرنے اور نئے لوگوں کو اپنی طرف راغب کرنے کے لیے سالوں سے مسلسل ترقی کرتی ارہی ہے اس میں انسٹاگرام واٹس ایپ کا حصول شامل ہے کاروباری لوگ اپنے کاروبار کی مقبولیت کے لیے صفات گروپس اور ایون یہ ان لوگوں کے لیے اشتہاری اہداف کے مواقع بھی پیش کرتی ہے جو مخصوص صارفین کے لیے مرید بڑھانا چاہتے ہیں یہ غلط لائن ہے صرف فیس بک اپنے صارفین کو ای میل کے مواقع فراہم کرتا ہے ای میل اکاؤنٹ مثلاً جی میل ہاٹ میل یاہو اوٹ لک وغیرہ کے ذریعے پیغامات دفتری دستاویزات فائل اور دیگر معلومات متعلقہ افراد تک پہنچاتی ہے کاروباری افراد اپنے کاروبار اور اشیاء پیداوار کی تشہیر کے لیے اس پلیٹ فارم کو استعمال کرتے ہیں طالبہ اپنے ساتھی کے ساتھ گروپ سٹڈی معلومات اور نوٹس کے تبادلے کے لیے اس کا استعمال کرتے ہیں مختصر یہ کہ فیس بک معلومات حاصل کرنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے

9. انسٹاگرام Instagram

انسٹاگرام سوشل میڈیا کا سب سے بڑا پلیٹ فارم اور سوشل میڈیا چینل ہے یہ 2007 میں شروع ہوئی اور بعد میں فیس بک نے اس کو خرید لیا ہے۔ ماہانہ ایک ارب سے زائد فعال صارفین ہیں اور بنیادی طور پر ایک موبائل پلیٹ فارم ہے فیس بک کی طرح انسٹاگرام کاروباری صارفین کو ایک مخصوص صارف تک پہنچانے میں مدد کے لیے ٹارگٹ اشتہاری اپشنز پیش کرتا ہے۔ انسٹاگرام پوسٹنگ کے مختلف اپشن بشمول تصاویر ویڈیوز کہانیاں اور لائیو سٹریمز بھی پیش کرتا ہے۔

10. ٹویٹر X

سوشل میڈیا کا سفر فیس بک اور یوٹیوب پر ختم نہیں ہوتا بلکہ ایک نئے انداز کے ساتھ ایک نئی ویب سائٹ چھوٹے نیلے پرندے کی شکل میں سامنے ایا جسے ٹویٹر کے نام سے جانا جاتا تھا یہ ایک انسٹنٹ میسج مائیکرو بلاگنگ سسٹم ہے جس سے سوشل نیٹ ورکنگ سائٹ کو مکمل کر کے غیر ارادی رکاوٹوں کو ختم کیا ٹویٹر سب سے پہلے پاڈ کاسٹنگ پلیٹ فارم کے طور پر ظاہر ہوا اس نے ایک مائیکرو بلاگنگ سائٹ کے طور پر شہرت حاصل کی جس میں صرف 140 حروف تک ٹیکسٹ پوسٹ شامل تھی 2006 میں اس کے اغاز کے بعد سے اس نے کریکٹرز کی تعداد کو بڑھا دیا اور اب ساری کو دوسری میڈیا جیسے تصاویر اور ویڈیو اس کا اس طرح کرنے میں بھی معاونت کرتا ہے یہ فیس بک کی طرح ہر جگہ نہیں ہوتا باوجود اس کے کہ کثیر تعداد میں لوگ اس کا استعمال کرتے ہیں لیکن یہ اب صارفین کے درمیان وسیع پیمانے پر استعمال ہو رہا ہے اور موجودہ دور میں اب اس کا نیا نام ایکس ہے جس کو ٹویٹر سے تبدیل کر دیا گیا ہے[8]

---

[8]- Kietzmann, Jan H., and Kristopher Harkens, "Social Media? Get Serious! Understanding the Functional Building Blocks of Social Media," 241–251.

میڈیا کی ضرورت اور اہمیت

گزشتہ ایک دہائی سے انٹرنیٹ کی تیز رفتار ترقیاتی امور، نوجوانوں کی کثیر تعداد اور دلچسپی کا مرکز و محور ہے۔ گوگل اس میدان میں ایک بنیادی حیثیت رکھتا ہے جس نے اپنی دو مقبول سائٹس یوٹیوب اور اورکٹ کی ایجاد کر کے منفرد مقام حاصل کیا ہے فیس بک کے اغاز کے بعد اور اس کی دن بدن بڑھتی ہوئی مقبولیت کی بنا پر اورکٹ کی جانب نوجوانوں کو رجحان کم ہونے کی بنا پر اہستہ اہستہ فیس بک اس میدان کا لیڈر بن گیا ہے لیکن گوگل کی نئی سروس گوگل پلس اس میدان میں نہیں اور نیا قدم جما چکی ہے فیس بک کے علاوہ اس دوران کئی سوشل سائٹ جیسے انسٹاگرام مائی سپیس ٹویٹر لنکڈان واٹس ایپ وغیرہ اس میدان میں داخل ہوگئے اور اج دنیا بھر میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی سوشل سائٹس فیس بک یوٹیوب اور ایکس ٹویٹر ہے میڈیا کی ضرورت اور اہمیت ہر دور میں اپنی جگہ قائم ہے سوشل میڈیا کے جدید ابلاغی ٹول کو جو اہمیت اج حاصل ہے کسی اور ٹول کو یہ توجہ اہمیت اس سے پہلے کبھی بھی حاصل نہیں ہوئی تھی عصر حاضر میں تمام شعبہ جات میں سوشل میڈیا کو وہی مرکزی حیثیت حاصل ہے جو انسانی جسم میں دل کو حاصل ہے کوئی شخص بھی اسے نظر انداز نہیں کر سکتا نہ اس سے لاتعلق رہ سکتا ہے دنیا کے کم و بیش ہر ملک میں سوشل میڈیا کو شارک کی حیثیت حاصل ہے یہ کسی بھی ملک میں تحریکوں کو پروان چڑھانے اور ان کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کی راہیں ہموار کرتا ہے یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ مذہبی اور سیاسی تحریکوں کی کامیابی اور ناکامی میں پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا سے سب سے زیادہ سوشل میڈیا سب سے زیادہ موثر ترین ذریعہ بن چکا ہے الیکٹرانک میڈیا اور پرنٹ میڈیا کی اب اثر انگیزی کم ہوتی جا رہی ہے سیکولرزم کمیونیزم سوشلزم اور جیسے نظریات پھیلانے میں سوشل میڈیا نے اہم کردار ادا کیا ہے دنیا کے مختلف کناروں میں جیسے امریکہ کے عالمی طاقت بننے کا راز فرانس کی ذہنی انقلاب جاپان کی صنعتی ترقی چین کی سپر اقتصادی ترقی ہالینڈ میں تعلیم کے فروغ اور اسٹریلیا میں نظریات کی ترویج میں ذرائع ابلاغ کے کارناموں سے ہر ذی شعور باقی ہے ملک کی تارمیر و ترقی میں سوشل میڈیا کے کردار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہے۔[9]

اگر عوام اس فلیٹ فارم کے ذریعے شعور حاصل کرنا چاہے اور وہ تعلیم یافتہ ہو جائے تو ملک سے کرپٹ لوگوں کی کرپشن اور بدعنوانیوں کو کے ذرائع محدود اور محدود ہو جائیں گے اگر سوشل میڈیا یہ کردار ادا کرے کہ معاشرتی برائیوں کو چھپائے تو لوگوں کی اصلاح نہیں ہو سکے گی قاتلوں ظالموں مافیا گروپ اور ظالموں کی پہچان نہیں ہو گی۔

مبحث سوم: سوشل میڈیا کے فوائد اور منفی نقصانات واثرات

1. فوائد

تعلیمی سطح سب سے بڑا مثبت پہلو تعلیمی سطح میں یہ ہے کہ یہ ایک نعمت بنتی جا رہی ہے تعلیم و تدریس کے میدان میں سوشل میڈیا کی افادیت سے دور جدید میں تعلیم و تدریس کے عمل کو کہیں اسان بنا دیا ہے مختلف سوشل نیٹ ورکنگ سے طلبا کو با اسانی باہم گفتگو کرنے کا طریقہ معلومات کا تبادلہ آن لائن پروگراموں کے ذریعے گھر بیٹھے کئی معلوماتی اور علمی پروگراموں سے فائدہ اٹھانے کا طریقہ بتایا جا رہا ہے۔ اسی طرح کی کئی سوشل ورکنگ سائیڈز جس سے طلبہ اپنی دلچسپی کے حامل ہنر میں مہارت حاصل کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں اور یہ دور جدید کا سب سے زیادہ آسان سستا اور عمدہ ترین ذریعہ بن چکا ہے مذہبی سطح حضرت ادم علیہ السلام سے لے کر اج تک ہر دور کے انسان نے اپنے مذہب کی تشہیر کے لیے ہر دور

---

[9]- Obar, Jonathan A., and Steve Wildman, "Social Media Definition and the Governance Challenge: An Introduction to the Special Issue," *Telecommunications Policy* 39, no. 9 (2015): 745–750, doi:10.2139/ssrn.2647377, SSRN 2647377.

